# شاندار نیلام عام

## برائے ترقیاتی منصوبہ / کرایہ داری متروکہ وقف جائیداد

بذریعہ اشتہار ہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متروکہ وقف ملاک بورڈ حکومت پاکستان اپنی ملکیتی جائیداد نمبری مربع نمبر 10 کیلہ نمبر 14 تا 17 تعمیر شدہ پلازہ (پرائم کمرشل) رقبہ تعدادی بلاک (A) بیسمنٹ 11088 مربع فٹ و گراونڈ فلور 11088 مربع فٹ اور رقبہ تعدادی بلاک (B) بیسمنٹ 11088 مربع فٹ و گراونڈ فلور 11088 مربع فٹ واقع 124 ج ب چوہڑ ماجرا امین پور روڈ فیصل آباد تحصیل سٹی ضلع فیصل آباد "جہاں ہے جیسے ہے" کی بنیاد پر بابت ترقیاتی مقاصد برائے عرصہ 30 (تیس) سال لیز / ماہانہ کرایہ داری کی بنیاد پر بمطابق شق 18-C,D اربن سکیم 1977 دینے کا خواہاں ہے تفصیل جائیداد اور کرایہ درج ذیل ہے:-

**تفصیل جائیداد اور کرایہ**

| جائیداد خسرہ نمبران | رقبہ | نوعیت | واقع | سرکاری نا قابل واپسی زرضمانت | عارضی ماہوار کرایہ دوران مرمت | ماہوار کرایہ بعد از مدت تعمیر و مرمت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| بلاک (A) جائیداد نمبری مربع نمبر 10 کیلہ نمبر 14 تا 17 تعمیر شدہ پلازہ | 11088 مربع فٹ بیسمنٹ و 11088 مربع فٹ گراونڈ فلور | کمرشل | 124 ج ب چوہڑ ماجرا امین پور روڈ تحصیل سٹی ضلع فیصل آباد | 19,467,600/- روپے | 53222/- روپے ماہوار | گراونڈ فلور 12 روپے مربع فٹ۔ بیسمنٹ 4 روپے مربع فٹ۔ |
| بلاک (B) جائیداد نمبری مربع نمبر 10 کیلہ نمبر 14 تا 17 تعمیر شدہ پلازہ | 11088 مربع فٹ بیسمنٹ و 11088 مربع فٹ گراونڈ فلور | کمرشل | 124 ج ب چوہڑ ماجرا امین پور روڈ تحصیل سٹی ضلع فیصل آباد | 19,467,600/- روپے | 53222/- روپے ماہوار | گراونڈ فلور 12 روپے مربع فٹ۔ بیسمنٹ 4 روپے مربع فٹ۔ |

| | |
|---|---|
| بمقام | دفتر ڈپٹی / اسسٹنٹ ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک (مکان نمبر 127/A پیپلز کالونی نمبر 1 چین ون روڈ) فیصل آباد۔ |
| تاریخ نیلام | 18-06-2025 |
| متبادل تاریخ نیلام | 25-06-2025، 02-07-2025، 24-07-2025 |

**نیلام عام میں حصہ لینے کے لئے ضروری دستاویزات۔**

۱۔ اصل شناختی کارڈ کی کاپی۔

۲۔ فائلر / ٹیکس سرٹیفکیٹ۔

۳۔ بیان حلفی کہ درخواست دہندہ نہ تو گورنمنٹ ملازم ہے نہ ہی متروکہ وقف املاک یا کسی اور سرکاری ادارے کا باقیدار ہے۔

۴۔ اسسٹنٹ ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک فیصل آباد کے نام کا مبلغ 20 لاکھ روپے کا پے آرڈر / بنک ڈرافٹ۔

**شرائط وضوابط**

1۔ نیلام عام میں ہر پاکستانی عاقل و بالغ جو کہ پاکستانی شہریت رکھتا ہو ماسوائے باقیدار و سرکاری ملازم حصہ لے سکتا اور کوئی ادارہ و نجی کمپنی بذریعہ منتخب کردہ نمائندہ حصہ لے سکتا ہے۔

2۔ نیلام عام میں شرکت کرنے سے قبل بولی دہندہ بیان حلفی مالیت مبلغ -/100 روپے جمع کروانے کا پابند ہوگا کہ بولی دہندہ سرکاری ملازم نہ ہے اور نہ ہی محکمہ کا باقیدار ہے۔

3۔ نیلام عام میں شرکت کے لئے ہر بولی دہندہ مبلغ 20 لاکھ روپے قابل واپسی پے آرڈر / بنک ڈرافٹ بنام اسسٹنٹ ایڈمنسٹریٹر متروکہ وقف املاک فیصل آباد مقررہ

تاریخ

نیلام عام سے ایک دن پہلے دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ بنک ڈرافٹ / پے آرڈر قابل ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے نیلام عام کے بعد واپس کر دیا جائے گا۔

4۔ نیلام عام میں شرکت کے لئے مطلوبہ دستاویزات دفتر متروکہ وقف املاک فیصل آباد میں تاریخ نیلام سے ایک دن قبل جمع کروائی جائینگی۔ مطلوبہ دستاویزات کی جانچ پڑتال نیلام کمیٹی کریگی۔

5۔ نیلام کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی شخص کے مطلوبہ دستاویزات جو کہ تاخیر سے جمع ہونے اور نامکمل ہونے کی بناء پر مسترد کر سکتی ہے اور بغیر وجہ بتائے نیلامی موخر کر سکتی ہے۔

6۔ نیلام عام تابع منظوری مجاز اتھارٹی متروکہ وقف املاک بورڈ ہوگا،

7۔ کامیاب بولی دہندہ اپنی پیشکش / بولی کا 50% نیلام کے بعد اندر تین یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا عدم ادائیگی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کا پے آرڈر / بینک ڈرافٹ مبلغ 20 لاکھ روپے بوجہ عدم ادائیگی (ناقابل واپسی سکیورٹی) بحق سرکار ضبط کر لی جائیگی اور دوبارہ نیلامی متبادل تواریخ میں کی جائیگی۔

8۔ کامیاب بولی دہندہ سب سے زیادہ ناقابل واپسی سکیورٹی کی بولی وپیشکش دینے والا تصور ہوگا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ کو نو ماہ (09) کا وقت رعائتی مدت برائے تعمیر ومرمت، نقشہ منظوری TMA اور NOCs وغیرہ حاصل کرنے کے لئے دی جائے گی۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ تمام NOCs وغیرہ صوبائی ووفاقی، لوکل گورنمنٹ سے خود لینے کا پابند ہوگا۔

11۔ کامیاب بولی دہندہ رعائتی مدت نو ماہ تک ماہانہ عارضی کرایہ مبلغ -/53222 روپے ماہوار فی بلاک ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ بعد از معیاد تعمیر ومرمت (09 ماہ) گراونڈ فلور 12 روپے مربع فٹ اور بیسمنٹ 4 روپے مربع فٹ ادا کرنے کا پابند ہوگا اور یہ کہ اگر کامیاب بولی دہندہ مزید اضافی فلور بنانا چاہے تو بمطابق اربن سکیم 1977 کے تحت منظوری مجاز اتھارٹی سے حاصل کرنے کا پابند ہوگا۔

13۔ کامیاب بولی دہندہ کو چھ ماہ کا وقت (Induction period) دیا جائے گا۔

14۔ سالانہ کرایہ میں اضافہ بمطابق اربن سکیم 1977 کی شق 11 کے تحت کیا جائے گا۔

15۔ متروکہ وقف املاک بورڈ کی ٹیکنیکل برانچ تعمیر ومرمت کا جائزہ ونگرانی کریگی۔

16۔ کامیاب بولی دہندگان بمطابق سکیم واگیریمنٹ کی شرائط وضوابط کے مطابق کرایہ دینے کے پابند ہونگے۔

17۔ نیلام کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بمطابق پیپرا رولز بولی کو مسترد کر سکتی ہے اور بغیر وجہ بتائے نیلامی موخر کر سکتی ہے۔

18۔ نیلامی میں شامل ہونے والے خواہشمند افراد جائیداد مذکور کا دورہ قبل از نیلامی کر سکتے ہیں۔

19۔ نیلامی کی بابت مزید معلومات دفتری اوقات صبح 8.00 بجے تا 4.30 دوپہر میں زیر دستخطی سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

المشتہر

اسسٹنٹ ایڈمنسٹریٹر

متروکہ وقف املاک فیصل آباد / ٹوبہ ٹیک سنگھ

فون نمبر۔ 041-9220005-51